FREEZE YOUR RENT

NYC Department of Finance

رینٹ فریز (Rent Freeze) پروگرام | اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQs)

رینٹ فریز پروگرام کیا ہے؟

رینٹ فریز پروگرام سے بزرگ شہریوں کے کرایہ میں اضافہ سے استثنا (Senior Citizen Rent Increase Exemption, SCRIE) اور معذوری کی صورت میں کرایہ میں اضافہ سے استثنا (Disability Rent Increase Exemption, DRIE) مراد ہے۔ یہ پروگرامز اہل بزرگ شہریوں (جن کی عمر 62 سال یا زائد ہو) اور اہل قرار یافتہ معذوریوں والے کرایہ داروں کو ان کے کرایے منجمد کر کے حسب مقدور رہائش اختیار کرنے میں مدد کرتا ہے۔ پراپرٹی ٹیکس کریڈٹ اصل (قانونی) کرایہ کی رقم اور کرایہ دار پر واجب رقم کے درمیان فرق کا احاطہ کرتا ہے۔

اہلیت

1. SCRIE کے لیے کون اہل ہے؟

SCRIE کی اہلیت کے تقاضے:

- عمر: 62 سال یا زائد
- اہل خانہ کی مجموعی آمدنی: $50,000 یا اس سے کم۔
- اہل خانہ کی ماہانہ کمائی کا ایک تہائی سے زائد حصہ کرایہ پر خرچ ہونا چاہیے۔
- درخواست دہندہ کا منضبط کرایہ والے اپارٹمنٹ (جیسے کہ مستحکم کرایہ، کنٹرول شدہ کرایہ یا منضبط کرایہ والے ہوٹل) میں رہائش پذیر ہونا اور اس کی لیز پر اس کا نام موجود ہونا یا جانشینی کے حقوق رکھنا لازمی ہے۔

SCRIE کے ایسی رہن والی عمارت میں رہائش پذیر درخواست دہندگان جو نیشنل ہاؤسنگ ایکٹ کے سیکشن 213 کے تحت وفاقی طور پر انشورڈ ہو یا لمیٹڈ پروفٹ ہاؤسنگ کمپنی (Limited Profit Housing Company) یا پھر لمیٹڈ ڈیویڈنڈ ہاؤسنگ کمپنی (Dividend Housing Company) (میچیل لاما ڈیوپلمنٹ، Mitchell-Lama development)، ری ڈیولپمنٹ کمپنی (Redevelopment Company) یا ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ فنڈ کمپنی (Housing Development Fund Company, HDFC) کی زیر ملکیت ہو نیز جو ریاست نیو یارک کے نجی فنانس ہاؤسنگ قانون کے تحت انکارپوریٹڈ ہو انہیں چاہیے کہ SCRIE کے لیے درخواست دینے کی خاطر ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولمپنٹ (Department of Housing Preservation and Development, HPD) سے رابطہ کریں۔ درخواستوں اور مزید معلومات کے لیے، براہ کرم 8494-863 (212) پر کال کریں یا www.nyc.gov/hpd ملاحظہ کریں۔

2. DRIE کے لیے کون اہل ہے؟

DRIE کی اہلیت کے تقاضے:

- عمر: 18 سال یا زائد۔
- اہل خانہ کی مجموعی آمدنی: $50,000 یا اس سے کم۔
- اہل خانہ کی مشترکہ ماہانہ کمائی کا ایک تہائی سے زائد حصہ کرایہ پر خرچ ہونا چاہیے۔
- SCRIE کے ایسی رہن والی عمارت میں رہائش پذیر درخواست دہندگان جو نیشنل ہاؤسنگ ایکٹ کے سیکشن 213 کے تحت وفاقی طور پر انشورڈ ہو یا لمیٹڈ پروفٹ ہاؤسنگ کمپنی یا پھر لمیٹڈ ڈیویڈنڈ ہاؤسنگ کمپنی (میچیل لاما ڈیوپلمنٹ)، ری ڈیولپمنٹ کمپنی یا ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ فنڈ کمپنی (HDFC) کی زیر ملکیت ہو نیز جو ریاست نیو یارک کے نجی فنانس ہاؤسنگ قانون کے تحت انکارپوریٹڈ ہو یا پھر کنٹرول شدہ کرایہ یا مستحکم کرایہ والے اپارٹمنٹ میں رہائش پذیر ہیں انہیں فی الوقت امریکی محکمہ برائے سابقہ فوجیوں کے امور کی طرف سے فراہم کردہ سوشل سیکورٹی معذوری بیمہ (Social Security Disability Insurance, SSDI)، سپلیمنٹل سیکورٹی آمدنی (Supplemental Security Income, SSI)، معذوری کی پینشن یا معذوری کی تلافی کی مراعات موصول ہونا، امریکی پوسٹل سروس کی طرف سے فراہم کردہ معذوری کی تلافی کی مراعات موصول ہونا ضروری ہے، یا پھر وہ جو سپلیمنٹل سیکورٹی آمدنی کے پروگرام یا سوشل سیکورٹی معذوری کے پروگرام کے تحت معذوری کی مراعات وصول کرنے کی وجہ سے سابقہ طور پر اہل تھے اور فی الوقت معذوری کے تعین کی بنیاد پر طبی اعانت کی مراعات وصول کر رہے ہیں جیسا کہ سوشل سروسز قانون کے سیکشن 366 میں فراہم کیا گیا ہے۔

3. اپارٹمنٹ کی کون سی اقسام اہل نہیں ہیں؟

- اگر آپ کا اپارٹمنٹ منضبط کرایہ (جائز مارکیٹ کرایہ) والا نہیں ہے تو آپ اہل نہیں ہیں۔
- اگر آپ کا اپارٹمنٹ کوآپریٹو ہے جو منضبط کرایہ والا نہیں ہے تو آپ اہل نہیں ہیں
- اگر آپ کا اپارٹمنٹ ایسی رہن والی عمارت میں واقع ہے جو نیشنل ہاؤسنگ ایکٹ کے سیکشن 213 کے تحت وفاقی طور پر انشورڈ ہو یا لمیٹڈ پروفٹ ہاؤسنگ کمپنی یا پھر لمیٹڈ ڈیویڈنڈ ہاؤسنگ کمپنی (میچیل لاما ڈیوپلمنٹ)، ری ڈیولپمنٹ کمپنی یا ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ فنڈ کمپنی (HDFC) کی زیر ملکیت ہو نیز جو ریاست نیو یارک کے نجی فنانس ہاؤسنگ قانون کے تحت انکارپوریٹڈ ہو تو آپ کو چاہیے کہ SCRIE کے لیے درخواست دینے کی خاطر ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولمپنٹ (HPD) سے رابطہ کریں۔ درخواستوں یا مزید معلومات کے لیے، براہ کرم 8494-863 (212) پر کال کریں یا www.nyc.gov/hpd ملاحظہ کریں۔
- اگر آپ ایک، دو یا تین فیملی والے گھر میں رہتے ہیں تو آپ اہل نہیں ہیں۔
- اگر آپ کے پاس سب لیز ہے تو آپ اہل نہیں ہیں۔
- اگرآپ نیو یارک شہر سے باہر رہتے ہیں تو آپ اہل نہیں ہیں۔

دستاویزات جمع کروانا

1. مجھے یہ ثابت کرنے کے لیے کہ میرا اپارٹمنٹ منضبط کرایہ والا ہے ثبوت کے طور پر اپنی ابتدائی درخواست کے ساتھ کون سی دستاویزات جمع کروانی ہوں گی؟

مستحکم کرایہ والے اپارٹمنٹس کے لیے: آپ کو اپنی موجودہ لیز اور پچھلی لیز جمع کروانی ہوں گی۔ لیز پر آپ اور آپ کے مالک مکان کے دستخط ہونے چاہئیں۔

کنٹرول شدہ کرایہ والے اپارٹمنٹس کے لیے: آپ کو زیادہ سے زیادہ قابل وصول کرایہ کے موجودہ اور پچھلے نوٹسز (فارم RN-26) جمع کروانے ہوں گے۔

منضبط کرایہ والے ہوٹلز اور ایک کمرے کرایہ داری (SRO) والے یونٹس کے لیے: آپ کو اپنی انتظامیہ کی جانب سے دستخط کردہ کرایہ میں اضافہ کا خط اور DHCR کرایہ کی سرگزشت یا DHCR اپارٹمنٹ رجسٹریشن کی نقل جمع کروانی ہوگی۔

میچیل لاما پراپرٹیز، HDFC کوآپریٹوز اور سیکشن 213 کوآپریٹوز کے لیے: آپ کو اپنے کرایہ کی سرگزشت کا پرنٹ آؤٹ یا اپنی انتظامیہ کے آفس کے جانب سے خط جمع کروانا ہوگا جس میں آپ کے کرایہ میں آخری بار کیے جانے والے اضافے کی تاریخ، اضافے سے پہلے ادا کی جانے والی کرایہ کی رقم اور کرایہ میں اضافے کے بعد ادا کی جانے والی رقم نیز اگر قابل اطلاق ہو تو اہل خانہ کی آمدنی کا حلف نامہ جمع کروانا ہوگا۔

منجمد کرایہ

1. منجمد کرایہ سے کیا مراد ہے؟

منجمد کرایہ وہ ماہانہ کرایہ ہے جو آپ کو رینٹ فریز پروگرام کے منظور شدہ شرکت کنندہ کی حیثیت سے مالک مکان کو ادا کرنا ہوگا۔ منجمد کرایہ کی رقم آپ کے منظوری کے نوٹس پر دکھائی جاتی ہے۔

2. میرے منجمد کرایہ کا تعین کیسے ہوتا ہے؟

زیادہ تر صورتوں میں ہم آپ کا کرایہ پچھلے قانونی کرایہ کی رقم یا پھر آپ کی ماہانہ آمدنی کے ایک تہائی حصے پر منجمد کرتے ہیں، ان دونوں میں سے جو بھی رقم زیادہ ہو۔

3. اگر میں نے اپنے مالک مکان سے ترجیحی کرایہ کا معاہدہ کیا ہوا ہو تو میرے منجمد کرایہ کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟

اگر آپ نے ڈپارٹمنٹ آف فنانس (Department of Finance) کو لیز یا اضافی لیز فراہم کی ہے جو یہ بتاتی ہے کہ آپ 'ترجیحی کرایہ' کی رقم ادا کر رہے ہیں جو آپ کے مالک مکان کے ساتھ تحریری معاہدے میں طے شدہ قانونی منضبط کرایہ سے کم ہے تو آپ کے منجمد کرایہ کی رقم کا تعین مندرجہ ذیل کے مطابق ہوگا:

- اگر آپ رینٹ فریز پروگرام کے نئے درخواست دہندہ ہیں اور آپ پروگرام کی اہلیت کے مکمل معیار پر پورا اترتے ہیں تو آپ کا منجمد کرایہ ترجیحی کرایہ کے لحاظ سے ہوگا۔
- اگر آپ کم آمدنی کی رہائش کے ٹیکس کریڈٹ (Low-Income Housing Tax Credit, LIHTC) والے یونٹ میں رہتے ہیں اور آپ اضافی LIHTC فراہم کرتے ہیں تو آپ کا کرایہ آپ کی پچھلی LIHTC کرایہ کی رقم یا آپ کی ماہانہ آمدنی کے ایک تہائی حصے پر منجمد کر دیا جائے گا، دونوں میں سے جو بھی رقم زیادہ ہو۔

اہل خانہ کی سالانہ آمدنی

1. میں رینٹ فریز پروگرام کے لیے اپنی سالانہ اہل خانہ کی کُل آمدنی کیسے کیلکولیٹ کروں؟

آپ کی سالانہ اہل خانہ کی کُل آمدنی پچھلے تقویمی سال آپ کی کُل سالانہ آمدنی نیز گھرانے کے سبھی ممبرز کی کُل سالانہ آمدنی کے برابر ہوتی ہے۔ SCRIE اور DRIE درخواست دہندگان جو یکم جنوری تا 15 اپریل کے عرصہ کے دوران ابتدائی یا تجدیدی درخواستیں جمع کرواتے ہیں درخواست جمع کروانے کی تاریخ سے دو تقویمی سال پہلے کی آمدنی کی معلومات جمع کروا سکتے ہیں اگر پچھلے تقویمی سال کے لیے آمدنی کی معلومات دستیاب نہ ہوں۔ اپارٹمنٹ میں رہنے والے افراد جنہوں نے کمرہ کرایہ پر لیا ہو، اقامتی ہوں یا ذیلی کرایہ دار ہوں ان کا شمار اہل خانہ میں نہیں ہوتا۔ تاہم کمرے کے کرایہ دار، اقامتی یا ذیلی کرایہ دار جو کرایہ ادا کرتے ہیں اسے اہل خانہ کی کُل آمدنی میں شامل کیا جاتا ہے۔

آپ کے اہل خانہ کی کُل سالانہ آمدنی اجازت یافتہ کٹوتیوں کے بعد $50,000 یا اس سے کم ہونی چاہیے۔ اجازت یافتہ کٹوتیاں وفاقی، ریاستی، مقامی اور سوشل سیکورٹی ٹیکسز ہیں۔ آپ اپنی روکی گئی کُل رقوم کے ذریعے یا پھر IRS فارم 1040 اور NYS فارم IT-201 میں ریکارڈ کردہ کے مطابق اپنے کُل ٹیکسز کا تخمینہ شامل کر کے اسے کیلکولیٹ کر سکتے ہیں۔

نوٹ کریں:

- SCRIE اور DRIE کے مقاصد سے اجازت یافتہ کٹوتیاں انکم ٹیکس کے مقاصد سے ہونے والی کٹوتیاں ہی ہوں یہ ضروری نہیں ہے۔
- ذاتی ملازمت پیشہ افراد اپنے ذاتی ملازمت کے ٹیکس کا 81% منہا کر سکتے ہیں؛ ان کے ذاتی ملازمت کے ٹیکس کا 19% Medicare ٹیکس ہے جسے SCRIE/DRIE کے لیے اہل خانہ کی آمدنی کی اہلیت کے لیے کیلکولیشنز کی خاطر منہا نہیں کیا جانا چاہیے۔

2. میں اپنے اہل خانہ کی ماہانہ آمدنی کا ایک تہائی کیسے کیلکولیٹ کروں؟

اپنی کُل سالانہ اہل خانہ کی آمدنی کیلکولیٹ کریں اور اس نمبر کو 36 سے تقسیم کریں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کے اہل خانہ کی سالانہ آمدنی $36,000 ہے تو آپ کی ماہانہ آمدنی کا ایک تہائی حصہ $1,000 ہوگا۔

3. اپنی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے مجھے کون سی آمدنی رپورٹ کرنی ہوگی؟

ذیل میں آمدنی کے ذرائع کی فہرست ہے جنہیں رینٹ فریز پروگرام ملحوظ خاطر رکھتا ہے۔ اگر آپ اور آپ کے اہل خانہ ان میں سے کسی ذریعہ سے آمدنی حاصل کرتے ہیں تو براہ کرم انہیں اپنی سالانہ آمدنی کی کیلکولیشن میں شامل کریں۔

آمدنی کا ذریعہ	آمدنی کا ثبوت (سبھی قابل اطلاق کی کاپی بھیجیں۔)
سوشل سیکورٹی (SSA, SSI, SSDI)	SSA-1099 یا SSI مراعت عطا کرنے کے خط کا پرنٹ آؤٹ
اجرتیں، تنخواہیں، نذرانے	W-2s، بشمول ذاتی ملازمت
کاروباری آمدنی	شیڈول C، K-1 کے ساتھ S-Corp کا ٹیکس ریٹرن یا شراکت داری کا ٹیکس ریٹرن
قابل ٹیکس اور ناقابل ٹیکس سود	سبھی 1099-INT اور ناقابل ٹیکس سود کے لیے اختتام سال کی اسٹیٹمنٹس
قابل ٹیکس اور ناقابل ٹیکس ڈیویڈنڈس	سبھی 1099-DIV اور ناقابل ٹیکس ڈیویڈنس کے لیے اختتام سال کی اسٹیٹمنٹس
IRA کی کمائیاں	سود، ڈیویڈنڈس یا سرمایہ میں کمائے گئے اضافے دکھاتی دستاویزات۔ اپنی تقسیم کی رقم شامل نہ کریں۔
پینشن، سالانہ وظیفے، ریٹائرمنٹ پلان	1099-R اسٹیٹمنس بشمول قابل ٹیکس اور ناقابل ٹیکس پینشنز
سابقہ فوجیوں کے امور معذوری کی پینشن یا معذوری کی تلافی کی مراعات	سالانہ مراعت کی اسٹیٹمنٹ
امریکی پوسٹل سروس معذوری کی پینشن یا معذوری کی تلافی کی مراعات	سالانہ مراعت کی اسٹیٹمنٹ
سرمائے میں اضافے	مالی اداروں سے سرمایہ کاری میں اضافوں کی اسٹیٹمنٹس
کرایہ کی کُل آمدنی (سبھی پراپرٹیز سے)	آپ کے وفاقی ٹیکس ریٹرن سے شیڈول E
اقامتیوں، کمرے کے کرایہ داروں اور ذیلی کرایہ داروں سے وصول کردہ کرایہ	دستخط شدہ اور نوٹرائزڈ خط جس میں آپ کو ادا کی گئی بالکل درست ڈالر رقم بیان ہو
کرایہ میں اعانت (سبسڈی)	سبسڈی کا انتظام کرنے والی ایجنسی/تنظیم کی جانب سے موصول ہونے والے سبسڈی خط کی کاپی (مثلاً HUD، Links، NYCHA وغیرہ)
ذاتی ملازمت سے کُل آمدنی	آپ کے وفاقی ٹیکس ریٹرن سے شیڈول C
معذوری، اہکاران کی تلافی یا بیروزگاری بیمہ کی مراعات	عطا کرنے کا خط
اسٹیٹس اور ٹرسٹس سے آمدنی	اسٹیٹ یا ٹرسٹ کے لیے انکم ٹیکس ریٹرن
موصول ہونے والی نان نفقہ اور امداد اطفال کی ادائیگیاں	عدالتی آرڈر، وصول ہونے والی ماہانہ ادائیگیوں کی تفصیلات پر مشتمل دستاویزات
جوئے بازی یا لاٹری میں کمائی گئی رقم	1099-MISC
عوامی اعانت نقد عنایت کی مراعات یا آمدنی کے دیگر ذرائع	ثبوت منسلک کریں
قرضے کی منسوخی	1099-MISC

4. رینٹ فریز پروگرام کے لیے درخواست دہندہ کی اہلیت کا تعین کرتے وقت کون سی آمدنی شامل نہیں کی جاتی ہے۔

- کیش گفٹس
- وراثت
- ذاتی چوٹ پہنچنے پر مقدمہ کے نتیجے میں ملنے والی نقصانات کی تلافی
- توانائی میں اعانت کی ادائیگیاں
- انکم ٹیکس ریفنڈز
- IRA رول اوورز
- تکملاتی تغذیاتی اعانت پروگرام (SNAP) کی مراعات
- نازی مظالم کے شکار افراد کے لیے زر تلافی

5. اہل خانہ کی سالانہ آمدنی سے کیا منہا کیا جا سکتا ہے؟

وفاقی، ریاستی، شہری اور سوشل سیکورٹی ٹیکسز منہا کیے جا سکتے ہیں۔ آپ کے پاس روکے گئے ٹیکسز یا پھر اپنے کُل ٹیکسز کا تخمینہ منہا کرنے کا اختیار ہوگا۔ Medicare پریمیمز قابل کٹوتی نہیں ہے۔

6. آمدنی کے ثبوت کے طور پر کون سی سوشل سیکورٹی دستاویات قابل قبول ہیں؟

بہترین ثبوت فارم درخواست دینے کے سال سے پہلے والے سال کے لیے فارم SSA-1099 ہے۔

اگر آپ اب بھی SSI مراعات موصول کر رہے ہیں تو براہ کرم سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن کی طرف سے خط فراہم کریں جو پچھلے سال کے لیے آپ کی SSI ادائیگیوں کا خلاصہ فراہم کرتا ہے۔

7. میں پچھلے سال مستقل طور پر ریٹائر ہو گیا/گئی ہوں لہٰذا اس سال میری آمدنی پچھلے سال جتنی نہیں ہے۔ مجھے آمدنی کی کون سی معلومات جمع کروانے کی ضرورت ہے؟

آپ کو پچھلے سال کے لیے اپنی کُل آمدنی جمع کروانی ہوگی بشمول اپنی اجرتیں، ریٹائرمنٹ کی آمدنی اور آپ کے سابقہ آجر کی طرف سے خط جس میں آپ کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ بیان کی گئی ہو۔ اگر آپ ذاتی ملازمت سے ریٹائر ہوئے ہیں یا اپنے سابقہ آجر سے خط حاصل نہیں کر سکتے تو آپ خود دستخط کر کے نوٹرائزڈ خط جمع کروا سکتے ہیں جس میں آپ کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ بیان ہو۔ ہم 12 ماہ کے لیے آپ کی ریٹائرمنٹ کی آمدنی پروجیکٹ کریں گے۔

اہل خانہ

1. رینٹ فریز پروگرام کے مقاصد کے لیے، اہل خانہ کا سربراہ کسے مانا جاتا ہے اور ممبر کسے خیال کیا جاتا ہے؟

اہل خانہ کے سربراہ سے مراد SCRIE/DRIE مراعات کے لیے منظور شدہ درخواست دہندہ ہے۔ اگر اہل خانہ کا سربراہ شادی شدہ ہے یا پھر رجسٹرڈ خانگی شراکت داری کا ممبر ہے تو میاں بیوی یا دونوں شراکت داروں کو مخصوص صورتوں میں اہل خانہ کا مشترکہ سربراہ خیال کیا جائے گا۔ اہل خانہ درخواست دہندہ نیز اپارٹمنٹ میں مستقل طور پر رہائش پذیر دیگر افراد ہیں سوائے کمرے کے کرایہ دار، اقامتی یا ذیلی کرایہ دار۔ آپ کو درخواست پر سبھی اہل خانہ کو مندرج کرنا ہوگا اور قابل اطلاق پچھلے سال کے لیے ان کی آمدنی بتانی ہوگی۔ اگر پچھلے سال اہل خانہ میں سے کسی ممبر کی کوئی کمائی نہیں ہوئی ہے تو آپ کو یہ درخواست میں بتانا ہوگا اور آمدنی نہ ہونے کا ثبوت جمع کروانا ہوگا۔

2. کسے اہل خانہ میں شمار نہیں کیا جاتا ہے؟

- کمرے کا مستند کرایہ دار جو اہل خانہ کے سربراہ سے تعلق نہ رکھتا ہو
- ذیلی کرایہ دار جو اہل خانہ کے سربراہ سے تعلق نہ رکھتا ہو
- اقامتی جو اہل خانہ کے سربراہ سے تعلق نہ رکھتا ہو
- اقامتی جن کے پاس کرایہ داری کا معاہدہ ہو اور جو آپ کو کرایہ ادا کرتے ہوں

آپ کو اپنی درخواست میں اقامتیوں کو مندرج کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم آپ کو اقامتی کی جانب سے خط جمع کروا کے آپ کو ادا کیے جانے والے کرایہ کی رقم بتانی ہوگی اور بیان کرنا ہوگا کہ وہ آپ کو کتنی رقم ادا کرتے ہیں۔ اقامتی کو موصول ہونے والی آمدنی جمع نہ کروائیں۔ اہل خانہ کو اقامتی خیال نہیں کیا جاتا ہے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ کمرے کے کرایہ دار، اقامتی اور ذیلی کرایہ دار مراعت حاصل کرنے کے اہل نہیں ہے۔ صرف اہل خانہ مراعت کے حصول کی درخواست کر سکتے ہیں۔

3. اگر آپ یا اہل خانہ میں سے کسی ممبر کی پچھلے سال کوئی آمدنی نہ ہوئی ہو تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

ذیل میں ایسی کچھ دستاویزات کی فہرست ہے جو اگر آپ رپورٹ کرتے ہیں کہ آپ یا آپ کے اہل خانہ میں سے کسی ممبر کی پچھلے تقویمی سال کے دوران کوئی آمدنی نہیں ہوئی ہے تو ہم قبول کریں گے۔

- IRS نان فائلنگ کی توثیق کا خط
- کل وقتی طالب علم کی توثیق کا خط
- سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن کی طرف سے خط جو یہ نشاندہی کرتا ہو کہ آپ کو پچھلے سال کے دوران مراعات موصول نہیں ہوئی ہیں۔
- آپ یا اہل خانہ میں سے کسی ممبر کی جانب سے دستخط شدہ نوٹرائزڈ خط جو یہ بیان کرتا ہو کہ پچھلے سال کے دوران کوئی آمدنی نہیں ہوئی ہے۔

4. اگر اہل خانہ میں سے کسی ممبر کے پاس پہلے ہی SCRIE یا DRIE ہو تو کیا کوئی اور ممبر SCRIE یا DRIE کی درخواست دے سکتا ہے؟

نہیں۔ قانون بیک وقت SCRIE اور DRIE حاصل کرنے کی اجازت نہیں دیتا ہے۔

کرایہ دار کے نمائندگان

1. کرایہ دار کا نمائندہ کون ہے اور وہ میری مدد کس طرح کر سکتا ہے؟

کرایہ دار کا نمائندہ کوئی بھی ایسا شخص ہے جسے آپ خود کو بھیجے گئے سبھی نوٹسز کی کاپی موصول کرنے کے لیے نامزد کرتے ہیں نیز وہ درخواست کے عمل میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ فیملی ممبرز، دوست، پڑوسی یا کمیونٹی کی تنظیمیں کرایہ دار کے نمائندگان ہو سکتے ہیں۔ کرایہ دار کے نمائندگان قانونی عدالت کی جانب سے مقرر کردہ کوئی نگران بھی ہو سکتے ہیں جیسے کہ گروپ ہوم لیڈرز، اٹارنی، بزرگوں کی رہائش کے مینیجرز، نرسنگ ہوم فیسیلٹیز کے منتظمین، سوشل سروسز کے منتظمین وغیرہ۔

اگر ہم آپ سے رابطہ نہ کر پائیں، آپ کو نوٹس موصول نہ ہو یا آپ کو بھیجا گیا نوٹس سمجھ نہ آ سکے تو ایسی کسی صورت میں آپ کا کرایہ دار کا نمائندہ آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

کرایہ دار کا نمائندہ SCRIE یا DRIE کے درخواست دہندہ کی جانب سے دستخط نہیں کر سکتا؛ صرف ایک ایجنٹ ہی SCRIE یا DRIE درخواست دہندہ کی طرف سے دستخط کر سکتا ہے۔ ایجنٹ وہ شخص ہے جو SCRIE یا DRIE کے لیے عدالت کی جانب سے مقرر کردہ نگران ہو یا پھر وہ شخص جسے SCRIE یا DRIE کی درخواست کے لیے پاور آف اٹارنی دی گئی ہو۔

کرایہ دار کی جانب سے ابتدائی درخواست میں کرایہ دار کے نمائندے کی تقرری درخواست دہندہ کی جانب سے تقرری منسوخ کیے جانے یا نمائندے کی جانب سے تقرری ہٹانے کی درخواست کرنے تک مؤثر رہے گی۔ کرایہ دار کے نمائندے کی تقرری میں نمائندے کا ڈاک کا پتہ شامل ہونا چاہیے۔

رینٹ فریز کے لیے درخواست دینا

1. اگر میں پہلی بار SCRIE یا DRIE کے لیے درخواست دے رہا/رہی ہوں تو کیا مجھے اپنی لیز کی تجدید سے پہلے دستخط کرنے ہوں گے یا بعد میں؟

آپ رینٹ فریز پروگرام SCRIE یا DRIE میں سے کسی کے بھی لیے اپنی لیز سائیکل کے کسی بھی موقع پر درخواست دے سکتے ہیں جیسے ہی آپ اہلیت کے کم از کم معیارات پورا اترتے ہیں۔ چونکہ منجمد کرایے کا تعین عموماً آپ کی موجودہ لیز سے پرانی والی لیز پر موجود کرایہ کے لحاظ سے ہوتا ہے لہذا جب آپ پہلی بار رینٹ فریز پروگرام کے لیے درخواست دیں تو ہمیں دونوں لیز درکار ہوں گی۔

2. کیا میں رینٹ فریز پروگرام کے لیے آن لائن درخواست دے سکتا/سکتی ہوں؟

ہاں، اگر آپ پہلی بار رینٹ فریز پروگرام کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو آپ ایسا آن لائن www.nyc.gov/nyctap کر سکتے ہیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ آپ اپنی تجدید کی درخواست آن لائن جمع کروا سکتے ہیں۔

3. میں درخواست کے فارمز کیسے حاصل کروں؟

تمام فارمز www.nyc.gov/rentfreeze پر ہماری ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔ فارمز ہمارے رینٹ فریز پروگرام کے آفس میں بھی دستیاب ہیں جو مینہیٹن میں 66 John Street, 3rd Floor پر واقع ہے یا پھر ہمارے کسی اور آفس سے بھی فارم حاصل کیا جا سکتا ہے۔ مقامات اور اوقات کار کے لیے براہ کرم ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں۔ آپ 311 پر کال کر کے فارم ڈاک کے ذریعے بھیجنے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔

4. مجھے اپنی درخواست کے ساتھ کیا جمع کروانا ہوگا؟

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ سبھی مطلوبہ دستاویزات بھیجنی ہوں گی۔ آپ کو جو دستاویزات جمع کروانی ہیں ان کی نشاندہی کرنے کے لیے درخواست میں موجود ہدایات پر عمل کریں۔ اگر آپ سبھی درکار دستاویزات نہیں بھیجتے تو ہم آپ کی درخواست پراسیس نہیں کر پائیں گے۔

5. اگر میں بذات خود درخواست پر دستخط کرنے سے قاصر ہوں تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

کوئی ایجنٹ آپ کی طرف سے دستخط کر سکتا ہے۔ ایجنٹ سے مراد وہ شخص ہے جو آپ کے لیے عدالت کی طرف سے مقرر کردہ نگران ہو یا پھر کوئی ایسا شخص جسے آپ کی SCRIE/DRIE درخواستوں کے لیے پاور آف اٹارنی کی منظوری دی گئی ہو۔ براہ کرم درخواست کے ساتھ پاور آف اٹارنی یا عدالتی آرڈر جمع کروائیں تاکہ ڈپارٹمنٹ آف فنانس (Department of Finance) ریکارڈ میں آپ کی معلومات رکھ سکے نیز یقینی بنا سکے کہ رینٹ فریز پروگرام کی سبھی مواصلات کی نقول آپ کے ایجنٹ کو بھیجی جا سکیں۔

6. مجھ پر سرمائے میں اہم بہتری (major capital improvement, MCI) کے چارجز عائد ہیں، کیا رینٹ فریز پروگرام اس کی ادائیگی کرے گا؟

اگر سرمائے میں اہم بہتری کے آرڈر کا اجراء آپ کی ابتدائی درخواست کی تاریخ کے 90 دن کے اندر ہو تو رینٹ فریز پروگرام اس اضافے کا احاطہ کرے گا۔ اگر MCI آرڈر کا اجراء آپ کے ابتدائی درخواست جمع کروانے سے 90 دن سے پہلے ہوا تو آپ MCI اضافہ ادا کرنے کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔ MCI کو آپ کے منجمد کرایہ کی رقم میں شامل کیا جائے گا۔

تجدید اور تبدیلیاں

1. مجھے اپنی رینٹ فریز مراعت کی تجدید کب کرنی چاہیے؟

رینٹ فریز پروگرام کی مراعت کے وصول کنندگان کو مراعت کی اختتامی تاریخ کے لحاظ سے ہر سال یا ہر دو سال بعد تجدید کی درخواست جمع کروانی ہوگی۔ آپ کے منظوری کے آرڈرز میں ہمیشہ مراعت کی مدت مندرج ہوگی۔ تجدید کی درخواستیں وصول کنندہ کی مراعت ختم ہونے سے تقریباً 60 دن پہلے ڈاک کے ذریعے بھیجی جائیں گی۔ اگر آپ کو ڈاک کے ذریعے تجدید کی درخواست موصول نہ ہو تو آپ www.nyc.gov/rentfreeze پر درخواست ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا 311 پر کال کر کے درخواست آپ کو ڈاک کے ذریعے بھیجنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کی تجدید کی درخواست مراعت ختم ہونے کے چھ ماہ کے اندر جمع کروائی جانی چاہیے۔

2. 'ایک تہائی آمدنی کی اہلیت کی جانچ' کیا ہے اور اس سے میری مراعت کس طرح متاثر ہو سکتی ہے؟

ابتدائی SCRIE یا DRIE درخواست کے لیے، آپ کے اپارٹمنٹ کا کرایہ اہل خانہ کی آمدنی کے ایک تہائی سے زیادہ ہونا چاہیے۔ تجدید کی درخواستوں، دوبارہ تعین کی درخواستوں اور اپارٹمنٹ کی مراعت کی منتقلی کی درخواستوں کے لیے، اگر آپ کا کرایہ آپ کے اہل خانہ کی آمدنی کے ایک تہائی سے متجاوز نہ ہو تو آپ کے ذمہ قابل ادائیگی کرایہ اہل خانہ کی آمدنی کے ایک تہائی تک بڑھا دیا جائے گا اگر آپ SCRIE/DRIE پروگرام میں 2 جولائی، 2015 کو یا اس کے بعد شامل ہوئے ہیں۔

تاہم، اگر آپ SCRE/DRIE پروگرام میں 1 جولائی، 2015 کو یا اس سے پہلے شامل ہوئے ہیں تو تجدید کی درخواستوں، دوبارہ تعین کی درخواستوں اور اپارٹمنٹ کی مراعت کی منتقلی کی درخواستوں کے لیے آپ کا منجمد کرایہ ایک تہائی آمدنی کی اہلیت کی جانچ سے مشروط نہیں ہوگا۔

3. اگر تجدید کی مدت کے لیے میری آمدنی اہلیت کے معیار سے زیادہ ہو تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

اگر آپ کی مراعت اس وجہ سے ختم ہوئی ہے کیونکہ تجدید کی مدت کے لیے آپ کے اہل خانہ کی آمدنی $50,000 سے زائد ہے یا آپ کا کرایہ آپ کے اہل خانہ کی ماہانہ آمدنی کے ایک تہائی سے کم ہے تو آپ مستقبل میں دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں اگر آپ کا ماننا ہو کہ آپ اہل ہیں۔ اگر آپ کی آمدنی اگلے تقویمی سال میں کم ہوتی ہے تو آپ اپنا پرانا منجمد کرایہ بحال کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ دوبارہ درخواست دینے کے لیے، براہ کرم اگلے تقویمی سال ابتدائی درخواست جمع کروائیں۔

4. اگر میرے اہل خانہ کی آمدنی گھٹ جاتی ہے یا مجھے آمدنی میں مستقل نقصان ہو جاتا ہے تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

اگر آپ کی آخری منظور شدہ درخواست میں آپ نے اہل خانہ کی جو آمدنی رپورٹ کی ہے اس میں 20% یا اس سے زائد کا مستقل نقصان ہو جاتا ہے تو آپ دوبارہ تعین کی درخواست جمع کروا کے اپنے منجمد کرایہ کی رقم کے دوبارہ تعین کی درخواست دے سکتے ہیں، یہ درخواست www.nyc.gov/rentfreeze پر حاصل کی جا سکتی ہے۔ آپ کو دوبارہ تعین کی درخواست کے ساتھ اپنے اہل خانہ کی موجودہ آمدنی کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔

براہ نوٹ کر لیں کہ اہل خانہ میں سے کسی ممبر کی ملازمت ختم ہو جانے یا کمرے کے کرایہ دار، اقامتی یا ذیلی کرایہ دار کی آمدنی میں کمی سے آمدنی میں مستقل کمی تشکیل نہیں پاتی ہے۔

دوبارہ تعین کے لیے منظوری مل جانے کی صورت میں، آپ اور آپ کے مالک مکان کو ٹیکس میں تخفیف کی ایڈجسٹمنٹ کا آرڈر ملے گا جس میں نئے منجمد کرایہ کی رقم اور اطلاق کی تاریخ بیان ہوگی۔ اگر اہل خانہ کا سربراہ 12 ماہ کے اندر وفات پا جاتا ہے یا اپارٹمنٹ سے مستقل طور پر منتقل ہو جاتا ہے تو پیچھے رہ جانے والا اہل خانہ کا اہل سربراہ دوبارہ تعین کی درخواست جمع کروا سکتا ہے۔

نوٹ کریں: وہ کرایہ دار جس نے ابتدائی درخواست جمع کروائی ہو اور رینٹ فریز پروگرام کے لیے منظور شدہ ہو مراعت کی ابتدائی مدت کے پہلے 12 ماہ کے بعد تک دوبارہ تعین کی درخواست جمع نہیں کروا سکتا۔ اگر کرایہ دار 12 ماہ کے اندر وفات پا جاتا ہے یا اپارٹمنٹ سے مستقل طور پر منتقل ہو جاتا ہے تو پیچھے رہ جانے والا اہل خانہ کا اہل سربراہ دوبارہ تعین کی درخواست جمع کروا سکتا ہے۔

5. اگر بنیادی درخواست دہندہ منتقل ہو جائے تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

اگر بنیادی درخواست دہندہ کسی اور منضبط کرایہ والے اپارٹمنٹ میں منتقل ہو جائے تو بنیادی درخواست دہندہ کو اپارٹمنٹ کی مراعت کی منتقلی کی درخواست جمع کروانی ہوگی تاکہ استثنا کو نئے اپارٹمنٹ پر منتقل کیا جا سکے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ منجمدہ کرایہ نئے اپارٹمنٹ کے قانونی کرایہ کے لحاظ سے تبدیل ہو سکتا ہے۔

6. اگر بنیادی درخواست دہندہ وفات پا جائے یا کسی نرسنگ ہوم میں مستقل طور پر منتقل ہو جائے تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

اگر بنیادی درخواست دہندہ وفات پا جائے، کسی نرسنگ ہوم میں مستقل طور پر منتقل ہو جائے یا بصورت دیگر مستقل طور پر اپارٹمنٹ چھوڑ دے تو اہل خانہ کا کوئی اور ممبر مراعت حاصل کرنے کا اہل ہو سکتا ہے۔ اہل قرار پانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اہل خانہ کا ممبر رینٹ فریز پروگرام کے لیے اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہو اور اسے پچھلی درخواست پر مندرج کیا گیا ہو۔ مراعت کے ٹیک اوور کی درخواست بنیادی درخواست دہندہ کے وفات پانے یا منتقل ہو جانے کے چھ ماہ کے اندر یا ڈپارٹمنٹ آف فنانس کی جانب سے منسوخی کا نوٹس بھیجنے کے بعد 90 دن کے اندر جمع کروائی جانی چاہیے، دونوں میں سے جو بھی تاریخ بعد میں آتی ہو۔

براہ کرم نوٹ کر لیں کہ اگر لواحق میاں یا بیوی یا پھر رجسٹر شدہ خانگی شراکت داران حالیہ ترین درخواست جمع کروائے جانے کے وقت رینٹ فریز پروگرام کی مراعات کے لیے تقاضوں پر پورے اترتے ہوں اور انہیں درخواست میں اہل خانہ کے ممبر کے طور پر شامل کیا گیا ہو تو انہیں مراعت کے ٹیک اوور کی درخواست جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ اہل خانہ کے پیچھے رہ جانے والے ممبر ہیں اور SCRIE یا DRIE کے لیے اہلیت کے سبھی تقاضوں پر پورا اترتے ہیں تو آپ کو مراعت کے ٹیک اوور کی درخواست اور مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک جمع کروانا ہوگا:

- لیز یا کرایہ کا معاہدہ جس میں آپ کرایہ دار یا مشترکہ کرایہ دار کے بطور مندرج ہوں
- آپ کی عمارت کی انتظامیہ کی جانب سے خط جس میں یہ بیان ہو کہ آپ کو اپارٹمنٹ میں رہنے کا حق حاصل ہے
- آپ کو اپارٹمنٹ میں رہنے کا حق دینے والا عدالتی آرڈر

مراعت کے بنیادی وصول کنندہ کے لیے، مندرجہ ذیل جمع کروائیں:

- اگر بنیادی درخواست دہندہ وفات پا گیا ہو تو وفات کا سرٹیفکیٹ
- اس بارے میں دستاویزات کہ بنیادی درخواست دہندہ نے مستقل طور پر اپارٹمنٹ چھوڑ دیا ہے جیسے کہ نرسنگ ہوم کی طرف سے خط، مالک مکان یا انتظامی ایجنٹ کی جانب سے لیز یا خط یا پھر سرکاری طور پر جاری کردہ شناختی دستاویز جس میں نیا پتہ شامل ہو

7. اگر میں اپنی تجدید کی درخواست جمع کروانے کے لیے چھ ماہ کی آخری تاریخ یا رینٹ فریز پروگرام سے وابستہ کوئی اور آخری تاریخ گزار دوں تو اس صورت میں مجھے کیا کرنا ہوگا؟

اگر آپ کو کسی معذوری یا پھر جسمانی یا ذہنی نقص کی وجہ سے اپنی درخواست جمع کروانے یا کوئی اور آخری تاریخ پوری کرنے کے لیے مزید وقت درکار ہو تو آپ اضافی وقت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو کسی معذوری یا اضافی وقت کی درخواست کرنے کے حوالے سے مدد کی ضرورت ہے یا پھر کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ کرم 311 پر کال کریں اور ڈپارٹمنٹ آف فنانس کے معذوری کی سروسز کے سہولت کار سے بات کرنے کا کہیں۔ آپ www.nyc.gov/contactdofeeo پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں یا مینہیٹن میں 66 John Street, 3rd Floor پر واقع ہمارے رینٹ فریز پروگرام کے آفس پر بھی جا سکتے ہیں۔ زیادہ تیز سروس کے لیے اپائنٹمنٹس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے لیکن اپائنٹمنٹ لینا لازمی نہیں ہے۔ آپ www.nyc.gov/dofappointments پر اپائنٹمنٹ شیڈول کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کوئی معذوری یا پھر جسمانی یا ذہنی نقص نہیں ہے تو آپ اب بھی آخری تاریخ گزر جانے کی صورت میں اہل قرار پا سکتے ہیں اگر اس کی وجہ درخواست جمع کروانے کے دوران غیر معمولی حالات پیش آنا ہے نیز آپ کی مراعت ختم ہوئے 12 ماہ سے کم وقت ہوا ہے۔ اگر آپ کسی عارضی طبی کیفیت کی وجہ سے ہسپتال میں داخل تھے یا آپ کا اپارٹمنٹ آگ، سیلاب، قدرتی آفت یا دیگر غیر معمولی حالات کی وجہ سے نقصان کا شکار ہوا تو آپ اپنی درخواست کے ساتھ اپنے دعوی کے لیے کوئی بھی دستاویز نیز مخصوص حالات کا بیانیہ جمع کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ کے اہل خانہ کو COVID-19 کی وجہ سے رینٹ فریز کی درخواست جمع کروانے میں تاخیر ہوئی تو بھی آپ توسیع کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کا کوئی سوال ہے تو براہ کرم 311 سے رابطہ کریں اور رینٹ فریز پروگرام کے بارے میں پوچھیں یا پھر www.nyc.gov/contactscrie یا www.nyc.gov/contactdrie ملاحظہ کریں۔

8. اگر میں پچھلے سالوں میں اہل قرار نہیں پایا تو کیا میں دوبارہ درخواست دے سکتا ہوں؟

جی ہاں۔ اگر آپ رینٹ فریز کی اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں تو آپ دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔

9. اگر میں اپنے مکان مالک سے تجدید کی لیز حاصل کرنے سے قاصر ہوں تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

آپ کو تجدید کی لیز نہ ہونے کی تصدیق کا فارم پُر کر کے اس پر دستخط کرنے ہوں گے اور اس ثبوت کے ساتھ اسے جمع کروانا ہوگا کہ آپ فی الوقت اپارٹمنٹ میں رہائش پذیر ہیں۔ جب آپ کو اپنے مکان مالک سے تجدید کی درخواست موصول ہو تو براہ کرم اسے ڈاک کے ذریعے یہاں بھیجیں: NYC Department of Finance, Rent Freeze Program, P.O. Box 3179, Union, NJ 07083. آپ کو اس فارم کے علاوہ اپنی تجدید کی درخواست بھی جمع کروانی ہوگی۔ آپ اس فارم کو دو سے زائد مسلسل تجدید کے عرصوں کے لیے استعمال نہیں کر سکتے۔

10. میں اپنے اہل خانہ میں تبدیلی کی رپورٹ کس طرح کروں؟

آپ اپنے اہل خانہ میں تبدیلی کے بارے میں ڈپارٹمنٹ آف فنانس کو مطلع کرنے یا نیا کرایہ دار کا نمائندہ منتخب کرنے کے لیے رینٹ فریز پروگرام تبدیلی کا فارم استعمال کر سکتے ہیں۔

مزید مدد کے لیے

1. اگر مجھے اپنی مراعت یا درخواست کے طریقہ کار سے متعلق سوالات پوچھنے ہوں تو میں کس سے رابطہ کروں؟

اگر آپ کے پاس کمپیوٹر تک رسائی ہے تو آپ SCRIE کے بارے میں سوالات کے لیے www.nyc.gov/contactscrie پر جا کر یا DRIE کے بارے میں سوالات کے لیے www.nyc.gov/contactdrie پر جا کر ڈپارٹمنٹ آف فنانس کو استفسار جمع کروا سکتے ہیں۔ آپ 311 پر بھی کال کر سکتے ہیں یا www.nyc.gov/nyctap پر جا کر رینٹ فریز پروگرام کے لیے NYC کرایہ دار کی رسائی کے پورٹل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

ہم فی الحال پیر تا جمعہ، صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک اپنے رینٹ فریز امدادی مرکز پر بہ نفس نفیس معاونت فراہم کرتے ہیں جو 66 John Street, 3rd Floor, New York, NY 10038 پر واقع ہے۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنی ملاقات کے لیے www.nyc.gov/dofappointments پر جا کر اپائنٹمنٹ شیڈول کریں۔

اگر آپ کو معذوری سے وابستہ تشویش کی وجہ سے اعانت کی ضرورت ہو یا اگر آپ درخواست یا دستاویز جمع کروانے سے قاصر ہوں تو براہ کرم 311 پر کال کریں اور DOF کے معذوری کی سروس کے سہولت کار سے بات کرنے کا کہیں۔

2. اگر مجھے اپنی درخواست یا مراعت کے بارے میں کیا گیا تعین سمجھ نہ آئے تو میں کس سے رابطہ کروں؟

رینٹ فریز پروگرام کے وہ سبھی درخواست دہندگان جنہیں استثناء کا آفیشل منظوری، استرداد یا منسوخی کا نوٹس موصول ہوا ہے ان کے پاس اپنی SCRIE یا DRIE درخواست اور مراعت سے متعلق تشویشات حل کرنے کے لیے مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔ آپ کے اپنی درخواست کا عمل مکمل کرنے کے بعد SCRIE یا DRIE محتسب آپ کی درخواست یا مراعت سے متعلق مسائل کی نشاندہی اور انہیں حل کر سکتا ہے۔ آپ www.nyc.gov/contactscrieombuds یا www.nyc.gov/contactdrieombuds پر DOF ویب سائٹ ملاحظہ کر کے ان سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

3. اگر مجھے اپنی لیز سے متعلق کوئی مسئلہ درپیش ہو یا اگر میں اپنی قانونی کرایہ کی رقم پر تنازعہ کرنا چاہوں تو میں کر سکتا ہوں؟

لیز کے استفسارات کے لیے، کرایہ کے تنازعے حل کرنے کے لیے یا پھر اپنے مالک مکان کے لیز فراہم نہ کرنے پر شکایت درج کروانے کے لیے کرایہ داران ڈویژن آف ہاؤسنگ اینڈ کمیونٹی رینیول (Division of Housing and Community Renewal, DHCR) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ DHCR سے رابطہ کیا جا سکتا ہے:

بہ نفس نفیس: Gertz Plaza, 92-31 Union Hall Street, Jamaica, New York 11433
بذریعہ فون: 718-739-6400
بذریعہ ای میل: RentInfo@nyshcr.org

سٹی اسپانسرڈ میچیل لاما ڈیولپمنٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم نیو یارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈیولپمنٹ سے رابطہ کریں:

بذریعہ فون: 212-863-6500
بذریعہ ای میل: Mitchell-Lama@hpd.nyc.gov

اسٹیٹ اسپانسرڈ میچیل لاما ڈیولپمنٹس سے متعلق مزید معلومات کے لیے، براہ کرم نیو یارک اسٹیٹ ہومز اینڈ کمیونٹی رینیولز (Homes and Community Renewal, HCR) ملاحظہ کریں:

بذریعہ فون: 866-463-7753
یہاں ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www.hcr.ny.gov